# ساہتیہ اکیڈمی کے زیر اہتمام بچوں کیلئے تخلیقی تحریر پر ورکشاپ اختتام پذیر

## حصہ لینے والے ۷۵ ربچوں کو سرٹیفکیٹ تقسیم کئے گئے، سبھی بچوں کو مستقبل کیلئے نیک خواہشات



نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) ساہتیہ اکیڈمی کی جانب سے بچوں اور نوجوان نسل کو ہندوستانی زبانوں اور ادب کے تئیں بیدار کرنے اور انہیں خود پڑھنے لکھنے کی ترغیب دینے کے مقصد سے منعقدہ ورکشاپ 'قصہ و کلام' آج اختتام پذیر ہوئی۔ یہ ورکشاپ ۲۹ رمئی سے ۲ رجون ۲۰۲۳ء تک اکیڈمی کے آڈیٹوریم میں منعقد کی گئی جس میں دہلی وقرب وجوار کے ۷۵ ربچوں نے حصہ لیا۔ جمعہ کے روز ورکشاپ کے اختتام پر اکیڈمی کے سکریٹری ڈاکٹر کے سری نواس راؤ نے تمام حصہ لینے والے بچوں کو سرٹیفکیٹ تقسیم کئے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ساہتیہ اکیڈمی آپ تمام مستقبل کے ادیبوں کو اکیڈمی خاندان میں خوش آمدید کہتی ہے اور امید کرتی ہے کہ آنے والے وقت میں آپ حساس شہری اور ادیب بن کر ملک کی ترقی میں تعاون کریں گے۔ انہوں نے ساہتیہ اکیڈمی کی طرف سے نوودیہ یوجنا بھی متعارف کرائی، جس میں ابھرتے ہوئے نوجوان ادیب اپنی پہلی کتاب ساہتیہ اکیڈمی سے شائع کر سکتے ہیں۔ انہوں نے ورکشاپ کے دوران بچوں کے لکھے ہوئے مختلف کاموں کی ایک تالیف کی اشاعت کا امکان بھی ظاہر کیا۔ ورکشاپ کا انعقاد چندنا دتہ اور وندنا مشرا نے کیا۔ ورکشاپ کے دوران بچوں کے ادب کی ماہر ارچنا اتری کے ساتھ خصوصی مکالمے کا پروگرام اور لائبریری کے دورے کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا۔ واضح رہے کہ اپنی نوعیت کی یہ پہلی ورکشاپ ساہتیہ اکیڈمی نے ۲۰۱۷ء میں شروع کی تھی لیکن کورونا وبا کی وجہ سے یہ دو سال تک منعقد نہیں ہو سکی۔ یہ اس ورکشاپ کا چوتھا ایڈیشن تھا۔ ۸ رسے ۱۶ رسال کی عمر کے بچوں کو ان کے والدین سے بات کرنے اور انٹرویو لینے کے بعد مہارت کی بنیاد پر ورکشاپ کے لیے منتخب کیا گیا تھا، پانچ روزہ ورکشاپ کی اکیڈمی کے ڈپٹی سکریٹری این سریش بابو نے نظامت کی۔